Hand book for the Maxim
Machine Gun
Tr. by
Kaka Singh

۳۰۳ء۔ انچ میکسِم میگزین رائفل

چیمبر مشین گن

گن کے پرزوں کے نام اور تشریح

بیرل اس کے ساتھ اُس میں ٹس پے کِنگ یعنی لپٹی ہوئی سوت کی رسّی۔ گن میٹل والو۔ سائڈ پلیٹ داہنا بایاں۔ سائڈ پلیٹ سپرِنگ کا ٹیگنگ راڈ سپرِنگ۔ مزل پروٹیکٹر۔ زنجیر

اور ایس S ہک ✣

بیرل کیپنگ اس کے ساتھ ایجیکٹر ٹیوب سپرنگ۔ سٹیم
یعنی بیرل کا بک ٹیوب اور سلائڈ والو۔ کیپر سکریو۔ پے کیپنگ
گلینڈ۔ ائس بیس نٹس پیکینگ۔ ڈو سوراخ
جو پیچ سے بند ہوتے ہیں۔ ہر ایک کے ساتھ
ایک ایک زنجیر اور ایس (S) ہک۔ اور سٹڈ
۔کارک پلگ۔ زنجیر اور ایس (S) ہک ✣

بریچ کیپنگ اس کے ساتھ بفر سپرنگ چیک لیور اور
یعنی بریچ کا پردہ کالر اور سپلٹ پن۔ سلائڈ دایاں اور بایاں۔
ٹریگر بار۔ فیوزی سپرنگ کا بکس ✣

کور اس کے ساتھ جائنٹ پن۔ کالر اور فکسنگ پن
یعنی ڈھکنا کور لاک پیٹی۔ سپرنگ سٹاپ سکریو۔ ایمیونیشن لیبل
(ٹکٹ) اور چار رایوٹ کور سپرنگ ✣

کرینک اس کے ساتھ کرینک پن اور فکسنگ پن
یعنی دہری کانیکٹنگ راڈ۔ کرینک ہینڈل فکسنگ پن۔

فیوزی اور زنجیر فیوزی سپرنگ ایڈجسٹنگ سکرو ✲

فیڈ بلاک
یعنی جس میں کارتوس کی پٹی لگائی جاتی ہے

اس کے ساتھ سلائڈ لیور - اوپر اور نیچے کا اور سپرنگ فکسنگ پن - پال - اوپر اور نیچے کا اور ایکسس پن - سلائڈ سپرنگ - فیڈ بلاک سپرنگ بینڈ رولر - اور ایکسس پن کلر اور فکسنگ پن ✲

لاک

جس کے اندر نیچے کے لکھے ہوئے پرزے ہیں - کیسنگ یعنی پردا - اور سائڈ لیور اور سکرو ڈ ہیڈ - ایکسس ٹریگر لیور دہنا اور بایاں ایکسس ٹریگر اور سپرنگ - اور فکسنگ پن - جب - جب سپرنگ اور کور - ایکس ٹریگر سٹاپ - کیپر اور فکسنگ پن - سیر اور سیر سپرنگ اور ایکسس پن - ٹریگر ایکسس پن اور فکسنگ پن - ٹمبلر - اور ایکسس پن فائرنگ پن لاک سپرنگ

اور ایکس پن اور فکسنگ پن ۔ کیپر بریکٹ ❖

بریکراس پیس
یعنی پیتل کا پچھلا ٹکڑا ۔

اس کے ساتھ ۔ فکسنگ پن ۔ فائرنگ لیور جس میں سپرنگ اور ایکس اور فکسنگ پن ۔ سیفٹی کیچ اور ایکس پن پسٹن اور سپرنگ ۔ نشر اور پیوٹ سکریو اور بالیسڈ ہیڈ (دستے کا سرا) اور چمڑے کا واشرس اور تیل لگانے کا برش ❖

فورسائٹ

اس کے ساتھ فکسنگ سکریو ٹین جائنٹ سائٹ یعنے بیک سائیٹ جس میں نیچے لکھے ہوئے پرزے ہیں ۔ سٹیم جس پر فاصلہ لکھا ہوا ہے اور دو فکسنگ سکریو ۔ سلائڈ اور پنی ان ۔ پال اور فکسنگ پن ۔ ٹین جائنٹ سائیٹ ۔ سلائڈ سپرنگ ۔ مائلیڈ ہیڈ ۔ اور فکسنگ سکریو ۔ ایکس پن ۔ ٹین جائنٹ ۔ سائڈ سپرنگ اور پسٹن ❖

میکسم گن کا عام بیان

اس گن کے دو ٹکڑے ہیں ایک ہلنے والا
اور دوسرا نہ ہلنے والا - اور دو طرح کے زور
سے آپ سے آپ کام ہوتا ہے - پہلا بارود کا
زور - جو ہلنے والے (یعنے ریکا ییلنگ)
ٹکڑے کو پیچھے کی طرف ہٹاتا ہے - اور
دوسرا ایک مضبوط کمانی ہے (جس کو
فیوزی سپرنگ کہتے ہیں - جس کے زور
سے پھر ریکا ئیلنگ پورشن آگے جاتا ہے ۞

نن ریکا ئیلنگ پورشن
یعنی نہ ہلنے والا ٹکڑا

نن ریکا ئیلنگ پورشن میں بیرل کیسنگ
اور بریچ کیسنگ گنے جاتے ہیں - اور یہ
کراس ہیڈ اور ریلی وٹینگ جائنٹ پن کے
ساتھ مونٹنگ (یعنے تخت سے لگا ہوا ہے

بیرل کیننگ بیرل کیننگ گن میٹل کا بنا ہُوا ہے۔ جس میں سات پنٹ پانی ڈالا جاتا ہے تا کہ بیرل کو فایئر کرتے وقت ٹھنڈا رکھے۔
بیرل کیننگ میں تین سوراخ ہیں۔ ایک[1] داہنے۔ اوپر بریچ کے نزدیک جس سے پانی ڈالا جاتا ہے۔ دوسرا[2] نیچے مزل کے نزدیک جس سے پانی نکالا جاتا ہے۔ اور تیسرا[3] ابھی جو مزل کے نزدیک ہے جس سے بھاپ نکلتی ہے۔ پہلے والے دونوں سوراخ پیچدار ڈاٹ سے بند ہوتے ہیں۔ اور تیسرا سوراخ ہمیشہ کھُلا رہتا ہے۔ اور سٹیم ٹیوب (یعنے بھاپ نکالنے کی نلی) کے ساتھ ملا رہتا ہے۔

ایس ایس ٹس پیکنگ ایس ایس ٹس پیکنگ۔ بیرل میں پانی کو نکلنے سے روکنے کے لئے بیرل کیننگ کے

اگلے سرے پر پئے کنگ گلینڈ سے بیرل کے
آس پاس دبایا جاتا ہے - بیرل کے پیچھے کی
طرف ایک نلا کاٹا ہوا ہے - اس میں بھی ایس
بیس ٹس پیکنگ لپیٹا ہوا ہے - جو کہ فایئر
کرتے وقت پانی کو نہیں نکلنے دیتا - جب گن
سے فائیر نہیں ہوتا ہے - اور بیرل اپنی جگہ
میں بیٹھی ہوئی ہوتی ہے - تو گن میٹل والو
جو چیمبر کے ساتھ ملا ہوا ہے - پانی کو روکتا
ہے ٭

کاک پلگ
یعنے ڈوٹ

گن کو بجانے کے وقت بھاپ نکلنے کے
سوراخ میں ایک کاک لگایا جاتا ہے -
جو ملنے کے وقت پانی کو روکتا ہے ٭

ایجکٹر ٹیوب
خالی کارتوس
نکالنے کا راستہ

بیرل کینگ کے نیچے ایجکٹر ٹیوب ہے -
جس کے بیچ میں سے چلا ہوا کارتوس گن
سے پھینکا جاتا ہے - اس ٹیوب میں ایک

کمانی ہے۔ جو فائیر کے وقت چلے ہوئے کارتوس
کو پیچھے نہیں آنے دیتی۔ جب بیرل کیننگ پانی
سے بھرا ہوا ہے۔ تو تھوڑی دیر کے
بعد دو ہزار رونڈ تک چلایا جا سکتا ہے۔
لیکن بغیر اور پانی ڈالنے کے ریپیڈ فائیر نہیں
کیا جا سکتا۔ جب ریپیڈ فائیر سے چھ سو
رونڈ تک فائیر کیا جاتا ہے۔ تو پانی پھوٹ
جاتا ہے۔ جب زیادہ رونڈ چلائے جاویں۔
تو ہر ایک ہزار رونڈ کے واسطے ایک سیر
پانی اور ڈالنا چاہیئے۔

سٹیم ٹیوب یعنے بھاپ نکالنے کی نلی۔

سٹیم ٹیوب بیرل کیننگ کے اندر اور بیرل
کے اوپر لگا ہوا ہے اور ایک کیپ سکریو جو بیرل
کیننگ کے سامنے ہے اُس کو اپنی جگہ میں
مضبوط رکھتا ہے۔ اِس میں دو نالی ہیں
ایک جس میں دونوں سروں پر سوراخ ہیں

وہ لگا ہوا رہتا ہے۔ اور دوسرا جس کا نام سلائڈ
والو ہے۔ ایسا بنا ہوا ہے کہ پہلی نالی سے باہر
ہے۔ آگے پیچھے ہٹتا ہے۔

سلائڈ والو
یعنے ہلنے والی نلی

فائر کرتے وقت جب گن کا منہ اوپر کو ہوتا
ہے یہ والو پیچھے کی طرف آجاتا ہے اور سٹیم
ٹیوب کے پچھلے سوراخ کو بند کرکے پانی کو
نہیں نکلنے دیتا اور اسوقت آگے والا سوراخ
کھلا ہوتا ہے۔ تب پانی نیچے ہوکے بھاپ
سٹیم ٹیوب کے اندر آجاتی ہے۔ اور جو
سوراخ بیرل کیسنگ کے آگے کی طرف موٹی جگہ
میں ہے۔ جس کے ساتھ سٹیم ٹیوب ملا ہوا
ہے۔ اس میں سے بھاپ نکلتا ہے۔ ایسے
بھی جب گن کا منہ نیچے کیا جاتا ہے تو سلائڈ والو
آگے کی طرف آجاتا ہے بھاپ کو جانے دیتا
ہے پانی کو روک لیتا ہے۔

پرنچ کیسنگ

برنچ کیسنگ کے دونو طرف اور نیچے بھی تختی ہے پیچھے کی طرف کراس پیس ہے اور سب ڈھکنے سے بند ہوتی ہے - داہنے اور بائیں والی تختی بیرل کیسنگ کے ساتھ چول سے لگی ہوئی ہیں اور بمعہ ڈھکنے کے جائینٹ پن سے پکڑی ہوئی ہیں - داہنے والی تختی کے باہر نیچے لکھے ہوئے پرزے ہیں -

بفر سپرنگ
یعنی روکنے والی کمانی

بفر سپرنگ کو پکڑنے اور مضبوط کرنے کے لئے ساکٹ اور سٹڈ ہے - ریزس ٹینس پیس اور چیک لیور

ریزس ٹینس پیس اور چیک لیور - یہ چیک لیور کالر اور کاٹے ہوئے پن سے پکڑا ہوا ہے - اور ایک سٹڈ پر ہلتا ہے ۔

بائیں والی تختی پر تین سٹڈ ہیں (یعنے بٹن) جنمیں فیوزی سپرنگ کا ٹبس لگایا جاتا ہے جن میں سے پچھلے والا سٹڈ نیچے لکھے ہوئے سلائڈ پر لگا ہوا ہے - اسی تختی

پر لگی اور دو سٹڈ ہیں - جن پر ضرورت کیوقت گندہ لگایا جا سکتا ہے - اِن دونو تختیوں میں کاٹی ہوئی جگہ ہیں - جو آدھی سلائڈ سے بند ہوتی ہیں - جس میں کرینک ہلتا ہے - اور ان دونو تختیوں کے اندر کی طرف لوہے کا ٹکڑا ہے (قائم) جس کے اوپر سے ایکسٹرکٹر کا راستہ ہے + نیچے والی اور باہر والی تختیاں آپس میں ریوٹ سے جوڑی ہوئی ہیں - نیچے والی تختی کے اوپر ٹرگر بار لگا ہوا ہے اور اُس کے نیچے ایک بریکٹ ہے (پیتل کا ٹکڑا ہے) جسمیں ایلی وٹینگ گیئر (گن کو اوپر نیچے کرنیوالا پیچ) جائنٹ پن سے لگا ہوا ہے +

ربر کراس پیس

باہر والی تختیاں پیچھے کی طرف ابر کراس پیس کے ساتھ چول سے لگی ہوئی ہیں - اِس کراس پیس میں نیچے لکھے ہوئے پرزے ہیں +

نمبر ا۔ گن کو گھومانے کے لئے دو پولے دستے ہیں۔ جنمیں تیل بھی رکھا جاتا ہے۔ اِن دونوں کے سر پیچدار ڈھکن سے بند ہوتے ہیں۔

تیل رکھنے کی جگہ

جنمیں تیل لگانے کے بُرش بھی ہیں۔

فائرنگ لیور
یعنے فائر کرنیکی کمانی

نمبر ۲۔ فائرنگ لیور جس کا نیچے والا سرا ٹریگر ابار کے ساتھ ہے۔ اور اوپر والے سرے پر ڈبل بٹن ہیں۔ جن سے چلانے کے وقت فائرنگ لیور دبایا جاتا ہے۔

سیفٹی کیچ
یعنے بچاؤ کی کمانی

نمبر ۳۔ سیفٹی کیچ جو ایسا بنا ہوا ہے۔ کہ بغیر اُسکو اُٹھانے کے فائرنگ لیور دبایا نہیں جاسکتا ہے۔

شٹر
یعنے کیل سے لگی ہوئی کھڑکی۔

نمبر ۴۔ شٹر جس کے دہنے بائیں ہلانے سے ایک سوراخ کھل جاتا ہے۔ جس میں سے بیرل ریئر کی طرف سے دیکھا جاتا ہے۔ اور صاف بھی کیا جاتا ہے لیکن بنا لاک نکالنے

اور کرینک ہنڈل (یعنے کرینک کے دستے) کو سیدھا کھڑا کرنے سے یہ کام نہیں ہو سکتا +

کور
یعنے ڈھکنا

اس کور میں دو کمانی ہیں جس سے ایکائل کیوقت اکیس ٹریکٹر نیچے دبایا جاتا ہے اور ایک ہیتل کا بلاک ہے + جو لاک کو دباتا ہے۔ جب لاک بیچھے ہے اور کور کے پچھلے کنارے پر اسکو بند کرنے کے لئے تالع ہے۔ کور کے اوپر کی طرف ٹین جائینٹ سائینٹ ہے جو ۲۵۰۰ گز تک کا فاصلہ بتاتا ہے +

ریکائیلنگ پورشن
یعنے ہلنے والا ٹکڑا

ریکائیلنگ پورشن نن ریکائیلنگ پورشن کے بیچ میں ہے اس میں بیرل اور دونو سائڈ پلیٹ شامل ہیں اور ان سائڈ پلیٹوں کے بیچ میں لاک اور کرینک ہیں +

بیرل

بیرل کو زنگ سے بچانے کے لئے اس پر تانبا چڑھایا ہؤا ہے وہ گن میٹل والو جسکا

گن میٹل وایو

بیان اوپر کیا گیا ہے جو پانی کو پیچھے کی طرف نہیں
نکلنے دیتا ۔ بریچ کیسنگ کے آگے کی طرف
کو ملا ہوا ہے اِس بلاک میں دونو طرف کو شڈ

بیرل ٹرنینین
ہیں جن کا نام بیرل ٹرنینین بولتے ہیں ۔ اُنکی
مدد سے بیرل سائڈ پلیٹ میں لگتی ہے بیرل

سائڈ پلیٹ
ٹرنینن بیٹھانے کے لئے دونو سائڈ پلیٹ میں
سوراخ کاٹے ہوئے ہیں ۔ اور اُن میں
ایسے راستے بھی ہیں ۔ جن میں لاک کے کنارے
چلتے ہیں ۔

کرینک بیرنگ
یعنے سوراخ کرینک کیلئے
اور ان دونو میں سوراخ ہیں جس کے بیچ
میں سے کرینک نکلتا ہے اور اس طرح سے
کرینک بیرل سے ملتا ہے یہ بریچ کیسنگ کی سوراخ
ہے جس میں کرینک ملتا ہے ۔ بائیں والے
سائڈ پلیٹ پر ایک کمانی ہے ۔ جس کا نام

کانیکٹنگ راڈ سپرنگ
کانیکٹنگ راڈ سپرنگ ہے ۔ وہ کانیکٹنگ راڈ

کو سیدھا کھڑا رکھتی ہے جب لاک نکالا جاتا ہے۔
اور دہنے سائڈ پلیٹ میں بیرل کے نزدیک ایک
کمانی ہے جسکا بیان نیچے دیا جائیگا۔ بائیں والا
سائڈ پلیٹ آگے کی طرف کو تھوڑا لمبا ہے۔
اور اُسمیں ایک خانہ ہے جسمیں فیڈ بلاک
کا نیچے والا لیور لگتا ہے ؞

کرنیک
کرنیک کے دہنے کنارے پر ایک دستہ لگا
ہُوا ہے جس کا بازو ترچھا اور باہر کو ہے۔
اور کرنیک کے بائیں پر فیوزی لگا ہُوا ہے۔
اور اُس کے ساتھ زنجیر ہے۔ کرنیک کا باقی حصّہ
برنچ کیسنگ کے اندر ہے۔ اور اُس کے ٹھیک

کانیک ٹنگ راڈ
بیچ میں کانیک ٹنگ راڈ ہے جو کرنیک پن پر
گھومتا ہے برنچ کیسنگ کے بائیں پر ایک مضبوط

فیوزی سپرنگ
پیچدار کمانی ہے جسکا نام فیوزی سپرنگ ہے۔
اور اُس کا پچھلا کنارہ فیوزی اور زنجیر سے

کرینک کے ساتھ ملتا ہے اور اُس کا اگلا کنارہ
بریچ کیسنگ سے فیوزی سپرنگ بکس اور آجسٹنگ سکریو کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ ریکائل کیوقت
فیوزی سپرنگ کھل جاتا ہے اور زنجیر جو اسکے
ساتھ لگا ہوا ہے فیوزی پر لپٹا جاتا ہے۔
اور جب کرینک ہینڈل سپرنگ پر کھنچتا ہے تب
فیوزی سپرنگ ریکائل کے زور سے ایک
انچ تک کھل جاتی ہے اور جب زنجیر لپٹا
جاتا ہے تب اور زیادہ کھل جاتی ہے۔ جب
بارود کا زور پورا ہو جاتا ہے۔ تب فیوزی سپرنگ
کے زور سے ریکائیلنگ پورشن آگے جاتا ہے
اور فایر کرنے کے لیئے تیار ہو جاتا ہے اور زنجیر
فیوزی سے کھل جاتا ہے اور اسکی مدد سے
کرینک ہینڈل چیک لیور کے گھر تک پیچھے
جاتا ہے اور چک لیور ایسا بنا ہے کہ

جس وقت کرینک ہینڈل گھر میں پہنچتا ہے۔ تو اُس کو روک لیتا ہے ٭ بفر سپرنگ کی شکل ایسی ہے کہ جب کرینک ہینڈل اسپر لگتا ہے تو فیوزی سپرنگ کو مدد ملتی ہے ٭

لاک

لاک اور کانیکٹنگ راڈ بیچدار کیل سے ملے ہوئے ہیں اور فایر کے وقت لاک برتیچ کو بند کرتا ہے فایر کے وقت سائڈ لیور کرینک اور کانیکٹنگ راڈ ان تینوں سے لاک پکڑا ہوا ہوتا ہے ٭ کانیکٹنگ راڈ ایسا ہے کہ فائر کیوقت ترچھائی کے سبب سے لاک کو اوپر سے خوب دباتا ہے کرینک کے گھومنے سے لاک آگے پیچھے ہلتا ہے اور اس کے کنارے۔ جو سائڈ پلیٹ کے راستوں میں ہیں آگے اور پیچھے جانے کے وقت اسکو اوپر نیچے نہیں نکلنے دیتے۔ گن میٹل بلاک جو کور کے ساتھ

لگا ہؤا ہے ۔ وہ بھی لاک کو دبا رکھتا ہے۔

ایکس ٹریکٹر یعنے کارتوس پکڑنے والا پرزہ — ایجسٹریکٹر لاک میں آگے کی طرف کناروں میں پھنسا ہؤا ہے (گائیڈ ڈرپ) جن میں وہ چلتا ہے ۔ ایجسٹریکٹر میں نیچے لکھے ہوئے پرزے ہیں ۔

(۱) ایکس ٹریکٹر سپرنگ ۔

(۲) فکسنگ پن ۔

(۳) جب ۔

(۴) جب سپرنگ ۔

(۵) کور ۔

کارتوس کو پکڑنے کیلئے ایکسٹریکٹر سپرنگ اور جب پر نوکیں ہیں اور ایکسٹریکٹر میں گروز ہیں۔

سائڈ اور ایکسٹریکٹر لیور — سائڈ لیور اور ایکس ٹریکٹر لیور کی مدد سے ایکس ٹریکٹر اوپر اٹھتا ہے اور جب ایکسٹریکٹر اوپر والے سٹاپ سے لگ جاتا ہے

تب سائڈ بلیٹ سپرنگ اُسکو سیدھا کھڑا رکھتی ہے اور اس طرح فائر کے وقت جو سوراخ فائرنگ پن کے واسطے بنا ہُوا ہے تو وہ ٹھیک کارتوس کی ٹوپی کی سیدھ میں ہوتا ہے

ایکسٹریکٹر سٹاپ

ایکس ٹریکٹر رِب میں اوپر نیچے چلتا ہے اور سٹاپ اُسکو روکتا ہے اوپر والا سٹاپ لاک کیسنگ میں بنا ہُوا ہے اور نیچے والا سٹاپ نکالا جا سکتا ہے *

ایمیونیشن والی پیٹی

کارتوس گن میں ایک پیٹی سے دیئے جاتے ہیں - یہ پیٹی دہنے سے بائیں کو فیڈ بلاک کے بیچ سے جاتی ہے - اور دو ٹکڑے نوار سے بنا ہُوا ہے جو پیتل کی پتری اور چھلّی سے پکڑا ہُوا ہے جو پتری باہر کو تھوڑی لمبی ہے اُس سے یہ مطلب ہے کہ کارتوس کا سرا پیٹی میں اُسکے برابر تک لگایا جاتا ہے گولی کیطرف پیٹی کے کنارے پر سی لگی ہوئی ہے وہ سی تو

کے اندر رہے تاکہ جب کارتوس فیڈ بلاک کے نیچ جاتا ہے - تو ٹھیک سیدھا رہتا ہے اور بیٹی بکس مین بھی ٹھیک بیٹھتی ہے +

فیڈ بلاک سلائڈ اور اوپر پال کارتوس کو دہنے سے بائیں کو لیجانے کیواسطے فیڈ بلاک میں سلائڈ لگا ہوا ہے جس سلائڈ پر دو پال اور سپرنگ لگے ہوئے ہیں +

فیڈ بلاک لیور دو لیور اکٹھے بنے ہوئے ہیں اور یہ سلائڈ کو دہنے بائیں ہلاتے ہیں اوپر والے لیور میں ایک چھید ہے جو سلائڈ کے سٹڈ سے لگتا ہے۔ اور نیچے والے لیور پر ایک سٹڈ ہے جو بائیں والے سائڈ پلیٹ میں لگتا ہے اس طرح سے سلائڈ ریکائیلنگ پورشن کے ساتھ ملتا ہے

نیچے والا پال فیڈ بلاک میں بھی دو پال ہیں جو نیچے سے بیٹی میں اٹکتے ہیں اور فائر کے وقت اسکو نیچے نہیں آنے دیتے +

بینڈ رولر — بینڈ رولر اسکا یہ مطلب ہے کے کارتوس فیڈ بلاک میں آسانی سے آسکتے ہیں +

سٹیل گائڈ — کارتوس کے راستے میں تابنے کی پتری لگی ہوئی ہے اوپر اور نیچے اور اسکی مدد سے کارتوس اُس جگہ میں پہنچتا ہے - جہاں سے ایکسٹریکٹر اُس کو پکڑ سکتا ہے -

کارتوس اور گولی کا سٹاپ — کارتوس اور گولی کی سٹاپ جو فیڈ بلاک کے اندر ہے یعنی روک کارتوس کو زیادہ بائیں کو نہیں جانے دینی +

گن کا وزن ۵۸ پونڈ ہے

58

گن کی بناوٹ کے کاموں کا بیان

ریکائل کا کام سمجھو کے اب گن چلی ہوئی ہے۔ بارود کے زور سے ریکائیلنگ پورشن کوئی ایک انچ پیچھے ہٹتا ہے۔ اور کرینک ہنڈل کا بازو جو باہر کو ہے (اُسکو) ریزس ٹنیس پیس تک ہٹاتا ہے۔ پھر یہ ریزس ٹنیس پیس آسنا ہٹنے سے کرینک ہنڈل کے بازو کی ترچھائی پر زور کرتا ہے۔ تب وہ گھومتا ہے۔ جس سے لاک پیچھے آجاتا ہے۔ اور کرینک ہنڈل بفر سپرنگ پر بیٹھتا ہے

اس طرح سے ریکائیل کا زیادہ زور کرینک پر
آتا ہے - ریکا یلنگ پورشن کے پیچھے ہٹنے
سے فیڈ بلاک کا اوپر والا پایال داہنے جاتا ہے -
اور پیٹی میں سے ایک نیا کارتوس پکڑتا ہے
جب لاک پیچھے کو جاتا ہے - تب ایجسٹریکٹر
خالی کارتوس کو بیرل میں سے اور بھرا ہوا
کارتوس کو پیٹی سے نکالتا ہے - ایجسٹریکٹر
کیننگ اُسکو اپنی جگہ پر رکھتے ہیں - اور
یہی سینگ کیمز کے اوپر جو برتیج کیبنگ پر ہے
اُس پر چلتے ہیں - جب تک کارتوس پیٹی
سے نہ نکل آوے - جب ایکسٹریکٹر کیمز کے
پچھلے کنارے پر پہنچتے ہیں - تب وہ کچھ اپنے
وزن اور کچھ کور سپرنگ کے دباؤ سے گرجاتے
ہیں - اور اسی طرح سے بھرا ہوا کارتوس
فیڈ بلاک سے کھینچا جاتا ہے - اور بیرل کی

سیدھ میں ہو جاتا ہے۔ اور خالی کارتوس
جو بیرل سے کھینچا جاتا ہے۔ وہ ایجیکٹر ٹیوب
کی سیدھ میں ہو جاتا ہے۔ جس وقت لاک
پیچھے کھینچا گیا ہے۔ تب اُسکے کنارے سائڈ پلیٹ
کے راستے سے نکلتے ہیں۔ تب کور کا بلاک
اُسکو دباتا ہے ٭

فیوزی سپرنگ کا کام

جب ریکال کا زور ہو گیا ہے۔ تو پھر
فیوزی سپرنگ کے زور سے ریکائیلنگ پوزیشن
آگے کو جاتا ہے۔ اور فیوزی زنجیر کھلنے
سے کرینک گھومتا ہے۔ اور اس طرح لاک
بھی آگے جاتا ہے۔ جب ریکائیلنگ پوزیشن
آگے چلتا ہے۔ تو فیڈ بلاک سلائڈ کے اوپر
والا پال بائیں کو آتا ہے۔ اس طرح سے
ایک نیا بھرا ہوا کارتوس اپنے آپ فیڈ بلاک
میں آجاتا ہے۔ جب لاک آگے فائرنگ پوزیشن

کو جاتا ہے۔ تو بھرا ہُوا اور خالی کارتوس ایک
ایک بیرل چیمبر اور ایجیکٹر ٹیوب میں دیئے جاتے
ہیں۔ اور سائڈ لیور ایکسٹر یکٹر لیور پر زور
کرنے سے ایکسٹریکٹر کو اوپر اُٹھا دیتے ہیں۔
اس طرح سے خالی کارتوس ایجیکٹر ٹیوب
میں رہ جاتا ہے۔ جب تک دوسرا خالی
کارتوس اُس کو نہیں نکالتا۔ اور اُسی
زور سے بھرا ہُوا کارتوس جب کہ اوپر
فائرنگ پن کے سوراخ تک پھسلتا ہے
اور نیا بھرا ہُوا کارتوس جو آپ سے آپ
فیڈ بلاک میں آگیا ہے۔ ایکسٹریکٹر سے
پکڑا جاتا ہے۔ جب کرینک ہینڈل
گھماؤ کے سبب سے بفر سپرنگ پر آتا
ہے۔ تو لاک بیرل سے پیچھے ہٹ جاتا
ہے۔ اور کانیکٹنگ راڈ اور سکروڈ ہیڈ

نیچے دب جاتے ہیں - پھر سکرو ڈہیڈ
ٹیمبلر کے پچھلے حصے پر زور کر کے اپنے
چکر پر گھومتا ہے - جب ٹیمبلر کا سرا
فائرنگ پن کے کھمب سے لگ جاتا ہے
تو فائرنگ پن کو پیچھے لے جاتا ہے -
اور لاک سپرنگ کو دباتا ہے - اور جب
ٹیمبلر کی نوک ٹریگر کی نوک کے اوپر آگیا
ہے تو ٹریگر لاک سپرنگ کے زور
سے ٹیمبلر کی نوک کے نیچے دب جاتی
ہے - اور اس طرح سے ٹیمبلر دبی ہوئی
حالت میں ہوتی ہے - ٹیمبلر کے اتنا ہلنے
سے فائرنگ پن پیچھے کھینچا جاتا ہے -
جہاں پر فائرنگ پن کی نوک میں پھنستی
ہے - اُسکو پکڑ لیتی ہے - سیر فائرنگ
پن سے اوپر ہے اور سیر سپرنگ اُس کو

کاکنگ ایکشن
یعنی فائر کے واسطے
تیار کرنے کا کام

دباتی ہے۔ سیر اور ٹریگر کا زور فائرنگ
پن کو آگے نہیں جانے دیتا۔ اور ایسے
وقت ٹریگر ٹیمبلر سے نکالی جاسکتی ہے،
لیکن سیر فائرنگ پن کو آگے نہیں
جانے دیگا +

فائرنگ ایکشن
یعنی فائر کے وقت کا
کام

جب کرینک ہینڈل پیچھے چک لیور
پر جاتا ہے۔ تو لاک آگے جا[illegible] در
کا بنک ٹنگ راڈ اور سکرو ڈ ہیڈ اوپر
کی طرف آگے جاتے ہیں۔ سیر کو فائرنگ
پن کی نوک سے اوپر اُٹھا دیتے ہیں۔
تب فائرنگ پن تھوڑا آگے جاتا ہے۔
اور روکا نہیں جاتا۔ جب تک ٹیمبلر
کی نوک ٹریگر کی نوک سے نہیں لگتی۔
اگر ڈبل بٹن جو فائرنگ لیور پر ہیں۔
دبائے جائیں تو ٹریگر بار پیچھے کی

طرف کھینچا جاتا ہے - اور اُس کی نوک ٹریگر
کی دُم سے لگتی ہے اور ساتھ لے جاتی ہے
اور ٹمبلر چھوٹ جاتی ہے - تب لاک سپرنگ
فائرنگ پن کو کارتوس کی ٹوپی تک پہنچاتی
ہے - اور کارتوس چل جاتا ہے ریپیٹر فائر
کے وقت جب لاک آگے جاتا ہے فائرنگ لیور
کے دبا رکھنے سے ٹریگر کا نیچے والا حصّہ
ٹریگر بار سے کھینچا رہتا ہے اور اس طرح
سے اُسکا نوک ایکسٹریکٹر کے فائرنگ
پوزیشن پر پہنچنے سے پہلے ٹمبلر سے نکالا
جاتا ہے - یعنی فائرنگ پن صرف سیر
سے پکڑا ہُوا ہوتا ہے - جب سکرو ڈھیڈ
سیر کو اُٹھا دیتی ہے - تو فائرنگ پن
پہلے کی موافق کام کرتا ہے - اور سیر تب
تک فائرنگ پن کو نہیں چھوڑتی - جب

لاک فائرنگ پوزیشن میں نہیں ہوتا +

عام قاعدے

لاک نکالنے کا بیان

لاک نکالنے اور لگانے کا بیان

کور لاک کو دباؤ - اور کور کھولو - کرینک ہینڈل بفرسپرنگ پر رکھو - اور دیکھو کے ایکسٹریکٹر گر گیا ہو - اور پھر اوپر والہ ایکسٹریکٹر سٹاپ پکڑو - اور لاک اوٹھاؤ - اور کرینک ہینڈل کو آہستہ آہستہ پیچھے جانے دو - تب اگر کوئی بھرا ہوا کارتوس ایکسٹریکٹر میں ہے - تو نکالو - اور دیکھنا چاہیئے کہ کارتوس نکالنے کے وقت ایکسٹریکٹر

نیچے ہے تب لاک پکڑ کر چکر کے آٹھویں
حصے کے برابر بائیں طرف گھماؤ۔ اور
نکالو۔ جب لاک گن سے باہر ہوتا ہے
اور لاک سپرنگ نکالنا ہو تو اس بات
سے خوب ہوشیار رہنا چاہیئے کہ ایکسٹریکٹر
اوپر سٹاپ سے لگا ہوا ہو +

لاک لگانے کا بیان

پہلے دیکھنا چاہیئے کہ کانیک ٹنگ راڈ
سیدھا کھڑا ہے ۔ تب لاک چکر کے آٹھویں
حصے کے برابر بائیں کو پکڑ کے جہاں
تک جا سکے سکروڈ ہیڈ کانیکٹنگ راڈ
میں لگاؤ ۔ پھر لاک دہنے کو گھماؤ۔ اور
برتیچ کیسنگ میں چھوڑ دو ۔ اور اُسی وقت
کرینک ہینڈل بفر سپرنگ پر لگاؤ ۔ دیکھنا

چاہیئے کہ لاک کے کنارے سائڈ پلیٹ
کے راستے میں ہیں - اور کرینک ہنڈل
چھوڑ دو +

فیڈ بلاک نکالنے کا بیان

فیڈ بلاک نکالنے کو کھولو - اور فیڈ بلاک اوپر کو اٹھا
اور لگانے کا بیان کے نکالو +

فیڈ بلاک لگانے کا بیان

کور کھولو اور زور سے فیڈ بلاک کو اُس
کی جگہ میں بٹھا دو - اور دیکھنا چاہیئے - کہ
سلائڈ خوب بائیں کو ہے - تاکہ نیچے والے
لیور کا سٹڈ بائیں والے سائڈ پلیٹ کے
کاٹے ہوئے خانے میں بیٹھ جائے +

فیوزی سپرنگ بکس نکالنے کا بیان

فیوزی سپرنگ کے بکس کو نکالنے اور لگانے کا بیان

بکس کو تب تک آگے کو دباؤ۔ کہ اُسکا پیچھے والا کنارہ برنچ کیبنگ کے اسٹڈ سے نکل نہ جائے۔ تب فیوزی سپرنگ زنجیر سے علیحدہ کرو۔ بکس اور سپرنگ نکالو +

فیوزی سپرنگ بکس کے لگانے کے بیان میں

اوپر کے لکھے ہوئے بیان کو نیچے سے اوپر کو پڑھو۔

(نوٹ) فیوزی سپرنگ بکس نکالنے اور لگانے کے وقت خبردار رہنا چاہئے۔

کہ فیوزی کا زنجیر ترچھا نہ کھینچا جائے کیونکہ ترچھا کھینچنے سے ٹوٹ جانے کا ڈر ہے۔

گن کو ٹھیک کام کے لائق رکھنے کا بیان

جن پرزوں کو تیل لگانا چاہئے

گن کو فایر کرنے سے پہلے سب جگہ میں جس پر چلنے والے پرزے رگڑ کھاتے ہیں۔ رنگون تیل سے مل دینا چاہئے۔ اکثر نیچے کے لکھے ہوئے پرزوں پر۔

(۱) بیرل کے آس پاس (یعنے آگے پیچھے) اور سب ریکائیلنگ پوشن پر۔

(۲) سائڈ پلیٹ پر جہاں سے لاک کا

راستہ ہے۔ اور تمام لاک کے پرزوں
کو اکٹر لیور اور ایکسٹریکٹر پر۔
(۳) فیڈبلاک کو برئیچ کی طرف اور سٹیل گائڈ
فیڈ بلاک کے اندر کی طرف اُن کے
کناروں پر۔
(۴) کرینک کو جہاں پر وہ چلتا ہے اور
جہاں تک ہو سکے گن کو علیحدہ
کرنے کے بنا۔

ریکائیلنگ پورشن کی چال کو دیکھنے کا بیان۔

ریکائیلنگ پورشن کو دیکھنا کہ وہ ٹھیک
چلتا ہے۔ فیوزی سپرنگ بکس نکالو۔
پھر لاک نکالو۔ اور کرینک ہینڈل اوپر
کی طرف سیدھا کھڑا کرو۔ تب داہنے ہاتھ
سے کرینک ہینڈل اور بائیں ہاتھ سے
فیوزی پکڑ کے ریکائیلنگ پورشن آگے
پیچھے ہلاؤ۔ دیکھو کہ ٹھیک چلتا ہے۔

اور کہ بیرل بھی اپنی جگہ میں ٹھیک آ گے بیٹھتی
ہے۔ ریکائیلنگ پورشن کو ہلانے کے واسطے
چار پونڈ سے زیادہ زور نہیں ہونا چاہئے
اور اُسکے تولنے کا یہ طریقہ ہے۔ کہ تولنے والا
کانٹے کی کڑی کرینک ہینڈل کے سرے
پر لگاؤ۔ جس وقت کرینک ہینڈل برابر
سے اوپر کو تھوڑا ترچھا ہو تو نیچے کی طرف
کھینچو۔ جب درست ہے تو فیوزی سپرنگ
بکس اور لاک لگاؤ۔

فیوزی سپرنگ کے زور کو دیکھنے کا بیان۔

فیوزی سپرنگ ٹوٹا ہو۔ تو تول کرنے
والے کانٹے کا کڑی کرینک ہینڈل کے سر
پر لگاؤ۔ اور تول کرنے والا کانٹا اوپر کو
سیدھا کھینچو۔ جب کرینک ہینڈل اپنی
جگہ سے ذرا ہلے۔ تو فیوزی سپرنگ کا وزن
معلوم ہوگا۔ یہ وزن ساڑھے پانچ پونڈ

سے سات پونڈ تک ہونا چاہیئے - اور
تولنے کے وقت دیکھنا چاہیئے - کہ لاک
برابر چلتا ہے - اور ایکس ٹریکٹر میں کوئی
خالی کارتوس نہیں ہے - جب فیوزی سپرنگ
وزن سے کمتی یا زیادہ ہے - تو فیوزی سپرنگ
بکس نکال کے ایڈجسٹنگ سکرو سے ٹھیک
کرو - اسکو باہر کی طرف گھمانے سے وزن
کمتی ہوتا ہے اور اندر کی طرف گھمانے
سے زیادہ یا اور اس کے چھ چکروں سے
ایک پونڈ کا فرک ہو جاتا ہے ؞

بیرل کے بریچ کیپ کو نیا پیکنگ لگانیکا بیان

جب گن سے بریچ کی طرف پانی نکلتا
ہو - تو لاک اور فیڈ بلاک اور فیوزی سپرنگ
بکس اور مزل پروٹیکٹر اور پیکنگ گلینڈ
سب نکالو - بیریر کراس ہیڈ کا پن ٹھوکر
سے نکالو - اور اسکا دستہ پکڑ کے

گن کو تھوڑا اوپر اُٹھاؤ - پھر برنچ کیبنگ
کے اوپر والے کنارے کو مار توڑ سے باری
باری مارو - اور ریر کراس پیس نکل آئیگا
جب گن مونٹنگ پر ہے (یعنی تخت پر) تو
یہ بہتر ہوگا کہ ریر کراس پیس کے نیچے ایک
سخت لکڑی لگاکر - تب اُس پر مار تورسے
مارو - ریر کراس پیس نکل جاویگا - دیکھنا
چاہئے کہ لکڑی برنچ کیبنگ کے زیادہ نزدیک
نہ ہو - کیونکہ اس سے ٹریگر بار کو نقصان
پہنچنے کا ڈر ہے - جیک لیور سے پن نکال
کے نکال اور جیک لیور نکالو - دہنا اور بایاں
سلائڈ نیچے کھینچو - کرینک ہنڈل اوپر
سیدھا کھڑا کرو - اور ریکائیلنگ پورشن
نکالو - ایک نیا ٹکڑا ایس بیس ٹس تیل
سے بھگو کر - بیرل کی کاٹی ہوئی جگہ میں

پیٹو اور اُس کو لکڑی یا بیچ کس سے خوب
دباؤ جب تک کاٹی ہوئی جگہ نہ بھر جائے۔
پھر ریکائیلنگ پورشن اور داہنے اور بائیں والا
سلائڈ لگاؤ۔ جب ریر کراس پیس لگایا جاتا
ہے تو دیکھنا چاہیئے کہ فائرنگ لیور سیفٹی کیچ
پر دبا رہے کیونکہ اس بات سے ڈر ہے
کہ اُس کا سرا ٹریگر بار تک نہیں پہنچیگا۔
یہ بھی دیکھنا چاہیئے۔ کہ ریر کراس پیس
ٹریگر بار پر زیادہ نہ دبا ہو۔ جب ریر کراس
پیس پن سے لگا ہے۔ اور فائرنگ لیور
برابر نہیں چلتا۔ تو دستہ پکڑ کر بیچ کیسنگ
کے اوپر والے کنارے یا ریر کراس پیس
کے نیچے سے ایک دو ٹھوکر لکڑی سے مارو۔
پھر چک لیور وغیرہ اور پیکنگ گلینڈ اور
مزل پروٹربکڑ اور فیوزنی سپرنگ بکس

اور فیڈ بلاک اور لاک لگاؤ۔

بیرل کے مزل کیطرف پیکنگ لگانیکا بیان

جب پانی گن سے مزل کی طرف نکلتا ہے۔ پیکنگ گلینڈ نکال کر اس بس ٹس پھر لپیٹو۔ اگر ضرورت ہو تو تیل سے بھگو کر نیا اس بس ٹس لگاؤ۔ اور اس بس ٹس بیرل کے اوپر لپیٹ کر لکڑی یا پیچ کس سے دباؤ۔ پھر پیکنگ گلینڈ کو خوب اُسکے پیچ میں بٹھاؤ۔ دیکھنا چاہیئے کہ اس بس ٹس زیادہ نہ لپیٹا جائے کیونکہ بیرل فایر کے وقت رو کا جاتا ہے۔ جیساکہ اوپر بیان ہُوا ہے۔ دیکھنا چاہیئے کہ ریکائیلنگ پورشن چار پونڈ کے زور سے ٹھیک چلتا ہے اگر کچھ زیادہ معلوم ہو تو پیکنگ گلینڈ کو نکال کر اس بس ٹس تھوڑا کمتی کرو

اس بس ٹش پیکنگ کے ٹکڑوں کی لمبائی گیارہ گیارہ انچ کی ہوتی ہے +

فالتو لاک کا بیان

ہر ایک گن کے ساتھ ایک فالتو لاک دیا جاتا ہے ۔ جب فائر کرتے وقت کوئی پُرزا جیسا لاک سپرنگ یا فائرنگ پن وغیرہ ٹوٹ جائے ۔ تو لاک کی بدلی کر دینی چاہیئے ۔ جب پھر پرانا لاک مرمت ہو جائے ۔ تو اُسکو پھر کام میں لگانا چاہیئے ۔ اور فالتو لاک نکال کر فالتو پُرزوں کے بکس میں رکھ دینا چاہیئے ۔ سوا مستری کے اور کسی سپاہی یا عہدہ دار کو لاک کھولنے کی اجازت نہیں ہے ۔ اور کھولنے کے ہتھیار گن کے ساتھ ملتے ہیں +

فائر سے پہلے دیکھنے کی باتیں

(۱) دیکھنا چاہیئے کہ بیرل صاف ہے +

(۲) کہ بیرل کیسنگ میں پانی بھرا ہوا ہے۔
کیسنگ میں پانی بھرنے کے لیے اوپر
والے سوراخ سے ڈاٹ نکال کر
اُس میں پیک لگاؤ۔ تب پینل والے
ناپ میں پانی بھر کے پیک پر رکھو
اور انگوٹھے سے اُس کی کمانی دباؤ۔
جب تک پانی نہ نکل جائے۔ اور
جب تک ضرورت ہے۔ ویسے ہی
کرو۔ پھر ڈاٹ لگا کر بھاپ نکلنے
والے سوراخ میں کاک لگاؤ۔
(۳) جب گن فلیٹ کرنے پر ہے (یعنی گاڑی
پر) دیکھنا چاہیئے کہ فالتو لاک
اور فیڈ بلاک اور کلیرنگ پلگ اور
کلینگ راڈ (یعنی گن) گاڑی
پر ہے۔

(۴) کہ ایمنیوشن برابر نمونے کا ہے۔ اور
پیٹی میں ٹھیک لگا ہؤا ہے اور
پیٹی بکس میں ٹھیک پیٹی ہوئی اور
گولی والا سرا آگے ہے *

پیٹی میں ایمونیشن بھرنے کا بیان
پیٹی میں کارتوس نلی طرف سے لگاؤ۔ جب تک گولی کی نوک اُس پینل والی پتری کے برابر نہ ہو

پیٹی بکس میں رکھنیکا بیان
چھوٹے بکس میں پیٹی رکھنے کے واسطے بکس کو ایسے رکھو کہ اُسکا قبضے والا کنارہ داہنے کو ہو۔ تو پھر کمانی دباؤ۔ اور ڈھکنا کھولو اور پیٹی کا پیتیل والا سرا نیچے رکھ کر تب پیٹی ہاتھ سے رکھو۔ اور گولی والا سرا سامنے ہو۔ دیکھنا چاہیئے کہ ٹھیک برابر اور دبی ہوئی ہے۔ تب ڈھکن کو بند کرو۔ جب بڑے بکس میں پیٹی لگائی جاتی

ہے۔ تب بکس کا قبضے والا کنارا بائیں
کو رکھ کر ڈھکن کا کھسکنے والا ٹکڑا نکالو۔
بکس کھولنے کے لیئے دوسرا ٹکڑا اٹھاؤ
تب بیٹی رکھو جیسا اوپر بیان ہوا۔ پھر
ڈھکن بند کر کے کھسکنے والا ٹکڑا اپنی
جگہ پر لگاؤ +

فاصلے کی آزمائش کرنیکا بیان

(۵) ایلی ویشن کے معلوم کرنے کے
واسطے کچھ گولیاں۔ ریپٹ فائر
سے چلانیاں چاہئیں۔ اور
دوربین سے اُنکا نشان دیکھنا
چاہیئے۔ کہ زیادہ گولی ایک دم
سے نہیں چلانا چاہیئے۔ کیونکہ
شست ضرور بگڑ جاتی ہے۔
تو ایمونیوشن کا بے فائدہ نقصان
ہوتا ہے۔ پندرہ یا تیس گولیاں

چلانے سے زیادہ فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ بیچ میں شست درست کیا جا سکتا ہے۔

فائر کے وقت یاد رکھنے کی باتیں

(۱) دیکھنا چاہئے کہ بیرل کیسنگ میں اتنا پانی ہو کہ بیرل کبھی ننگی نہ ہو۔

(۲) کہ سائٹ پہیوں سے سیدھے رکھے جاتے ہیں۔

(۳) بائیں ہاتھ سے ایلی ویٹنگ وہیل پکڑنا چاہئے۔

(۴) کہ دہنا ہاتھ کرینک ہینڈل سے پیچھے رہے۔ کیونکہ نہیں تو اُس پر چوٹ لگنے کا ڈر ہے۔

(۵) کہ فائر کے وقت پیٹی ہاتھ سے کبھی نہیں کھینچنی چاہئے۔

(۶) جب پیٹی کارتوسوں سے خالی ہو گئی

ہو - تو پھر اُس میں کارتوس بھر
دینے چاہیئے - اور بکس گاڑی پر
لگا دینا چاہیئے -
(۷) کہ جب ڈھال لگی ہوئی ہو - تو فایئر
کرنے کے وقت اُس کی آڑ میں رہنا
چاہیئے -
(۸) کہ جب گن ایک جگہ سے دوسری
جگہ کو لے جاتی ہے تو ان لوڈ کر کے
بیا فیڈ بلاک میں سے پیٹی کا خالی
حصہ نکال کے پیٹی گاڑی کے
اوپر رکھو -
(۹) کہ جب اتفاق سے تھوڑی دیر کے
واسطے فایئر بند ہو گیا ہو اور پیٹی
میں تھوڑے کارتوس باقی
ہیں - تو اُس پیٹی کو نکال کر

دوسری پیٹی لگا دینی چاہیئے۔

(۱۰) کہ جب فائر کرتے وقت فیڈ بلاک سے پیٹی نکالنے کی ضرورت ہے تو پیٹی کا خالی حصّہ کاٹ دو۔ اس طرح زیادہ جلدی ہو سکتی ہے ✦

فائر کے بعد دیکھنے کی باتیں۔

(۱) دیکھنا چاہیئے کہ ان لوڈ کیا گیا ہے اور ایجکٹر ٹیوب سے بھرا ہؤا کارتوس نکالا گیا ہے۔ اور ایجکٹر ٹیوب سے بھرا ہؤا کارتوس نکالنے کے واسطے کور کھول کر کرینک ہینڈل بفر سپرنگ پر لگاؤ۔ پھر لاک اُٹھا کے ایک خالی کارتوس ایجکٹر میں نیچے سے ایسے لگاؤ۔ کہ جب کہ نیچے کنارے اور ایکس ٹریگر کا سپرنگ کے بیچ میں ہو۔ پھر لاک لگا کے

کور بند کرو - اور کرینک ہینڈل چھوڑ دو - اس طرح سے بھرا ہؤا کارتوس ایجیکٹر ٹیوب سے نکل جائیگا -

(۲) جب کارڈ ایٹ چلایا جاوے - تو فائر کے بعد رائفل آئیل ایک دم بیرل میں لگا دینا چاہیئے -

(۳) کہ بیرل کیسنگ کے نیچے والے سوراخ سے پانی نکالنا چاہیئے -

(۴) کہ لاک سپرنگ دبا ہؤا نہ رہنا چاہیئے -

(۵) کہ گن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے سے پہلے ایلی ویٹنگ کلیمپ (یعنی زنبور) اور ٹرے ورسنگ کلیمپ کو کس دینا چاہیئے -

(۶) کہ خالی کارتوس جمع کرنے کے وقت دیکھنا چاہیئے - کہ اُن میں کوئی بھرا ہُوا کارتوس نہ ہو -

(۷) کہ لائن میں پہنچکر بیرل کو ایک دم سے خوب صاف کر دینا چاہیئے - اور نالی کے اندر رائفل ایل لگا دینا چاہیئے لاک بھی نکالنا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے - کہ ایکسٹریکٹر اور فائرنگ پن اور لاک سپرنگ ان میں سے کسی کو کچھ نقصان نہ ہُوا ہو -

(نوٹ) اس مطلب کے واسطے لاک کھولنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے -

(۸) کہ جتنے رونڈ چلائے گئے ہوں - وہ کتاب میں لکھ دینے چاہئیں +

بیرل کو صاف کرنیکا بیان

کلینگ راڈ کا بیان

ان لوڈ - کور لاک دباؤ - اور کور کھولو - کرینک ہینڈل بغر سیر نگ پر لگاؤ - اور لاک اُٹھا کے ریر کراس پیس پر رکھو - مزل پر وٹر یکٹر نکالو - اور کلینگ راڈ کے دونو سوراخ میں ایک ایک ٹکڑا فلالین کا لگاؤ - یہ ٹکڑے دو انچ چوڑے اور چار انچ لمبے ہونے چاہئیں - اور کپڑا رائفل آیل سے خوب بھگو لینا چاہئیے اور کلینگ راڈ پھر ایسا رکھو کہ وہ ڈھک جائے - پھر راڈ مزل کی طرف سے بیرل کے اندر ڈال کر آگے پیچھے رگڑو - تاکہ میل نکل جائے - پھر اُس چیتھڑے کو

پُل تھرو کا بیان

نکال کر دوسرا سو کا چیتھڑا لگاؤ۔ اور سب سے پیچھے ایک تیل والے چیتھڑے سے پونچو۔ اور بیرل کے اندر خوب تیل چھوڑ دو۔

جب جنگ یا کچھ اور مورچہ معلوم ہو۔ تو پُل تھرو نیچے لکھے کے موافق لگانا چاہئے کور کھولو۔ لاک اُٹھاؤ۔ اور ربر کراس پیس پر رکھو۔ پل تھرو کا پیتل والا سرا بریچ کی طرف سے بیرل میں ڈالو۔ اور گاز پر (یعنی پُل تھرو کے بُرش پر) تیل لگا کے دو آدمی آگے اور پیچھے کھینچو۔ جب تک زنگ نہ نکل جائے۔ تب اُس کے بعد بیرل فلالین کے کپڑے سے صاف کی جا سکتی ہے۔ جیسے کہ اوپر بیان ہُوا۔ پُل تھرو کے سِرے پر ایک سوراخ ہے جس میں فلالین کا چیتھڑا لگایا جا سکتا

ہے۔ اگر برل کو صاف کرنا یا تیل لگانا ہو
جب بہت دفعہ کھینچنے سے پُل تھرو کاگاس
چیک جاتا ہے (یعنی تیلا ہو جاتا ہے)
تو اُس کے کناروں کے بیچ میں کچھ ٹکڑا
کا غذ یا فلالین کا لگا کے کام کے لائق کر
لینا چاہیئے۔ جب گاز پُرانا ہو گیا ہو تو اُن
فالتو پُرزوں میں سے جو پُل تھرو کے ساتھ
دیئے جاتے ہیں۔ نیا لگا لینا چاہیئے ✦

فائر کے وقت گن کا رُک جانا اور اُس کو درست کرنے کا بیان

روک کیو قت نیچے لکھے ہوئے سبب سے فائر کرتے
ناک کی پوزیشن وقت اکثر گن رُک جاتی ہے۔

(۱) لاک اتنا پیچھے نہیں جاتا ہے
کہ ایکس ٹریکٹر گر جائے۔
(۲) ریکائل کے بعد لاک خوب آگے نہیں
جا سکتا ہے۔
(۳) اگرچہ لاک اپنی جگہ سے ذرا دور ہے
ایکسٹریکٹر کھڑا نہیں ہو سکتا
ہے۔
(۴) اگرچہ لاک اپنی جگہ پر آگے پہنچ گیا
ہے۔ تو کارتوس نہیں چلتا ہے۔
اگر چلتا ہے تو ریکال نہیں ہوتا۔
ان حالتوں میں لاک اور ایکسٹریکٹر
الگ الگ جگہوں میں رُک جاتے
ہیں۔ کیونکہ کریبنک ہینڈل کی حالت
سے معلوم ہوتا ہے تو روک کے
وقت اُسکو دیکھ لینا چاہیئے۔ نیچے

کے نقشے سے کرینک ہنڈل کی چارو
حالتیں معلوم ہوتی ہیں ۔

اکثر نیچے لکھے ہوئے سبب سے
روک ہوتی ہے ۔

روک کے سبب کا بیان

(۱) فیوزی سپرنگ سخت یا نیل کمتی
یا بارود کمتی ۔

(۲) کہ چیمبر میں کارتوس ٹوٹنے سے روک
ہوتی ہے ۔

(۳) کمزور فیوزی سپرنگ (ا) گھتی نیل (ب)
ٹوٹا ہؤا لاک (ج) فید بلاک میں
قصور ۔

(۴) (الف) مس فائر (ب) ٹوٹا ہوا
سائڈ لیور یا ایکسٹریکٹر لیور (ج)
شلکی کارتوس یا ڈھیلی گولی۔
اوپر والے چاروں قصور نیچے لکھے ہوئے
طرح سے درست ہو سکتے ہیں۔

پہلی حالت سخت فیوزی سپرنگ

(۱) کور کھولنے کی کچھ ضرورت نہیں
ہے۔ کرینک ہینڈل بغر سپرنگ
پر لگا کر چھوڑ دو۔ تب گن چلانے
کو تیار ہوگی۔ اگر پھر روک ہوتی
ہے فیوزی سپرنگ کا بکس نکال کر
فیوزی سپرنگ نرم کرو جیسا پہلے بیان ہوا۔

کمتی تیل

جب فیوزی سپرنگ
بالکل نرم کیا گیا ہے اور پھر بھی
روک ہوتی ہے۔ کور کھول کے سب
پرزوں کو خوب تیل لگانا چاہیئے۔

دوسری حالت (۲) کور کھول کے ایکس ٹریکٹر نیچے دباؤ اور کرینک ہینڈل بغیر سپرنگ پر گھوما کر رکھو اگر ضرورت ہو تو یہ کام زور سے کرنا چاہیئے۔ پھر لاک اُٹھا کر دیکھو کہ جو کارتوس ایکسٹریکٹر میں ہیں۔ اُن میں سے کوئی ٹوٹا ہؤا نہ ہو ÷ جب ایسا ہؤا ہو تو کارتوس کا پچھلا حصّہ ایکسٹریکٹر میں ہوگا۔ اور آگے والہ حصّہ (د) یعنے نئے کارتوس کی گولی پر لگ گیا اور اس سے نکل آیا ہوگا۔

(ب) یا چیمبر میں ہوگا (الف) اس حالت میں کارتوس ایکسٹریکٹر سے نکالو اور دیکھنا چاہیئے۔ کہ اسوقت ایکسٹریکٹر نیچے ہے۔

اور لاک کو چھوڑ دو - اور جسوقت
کرینک ہینڈل بغز سپرنگ پر ہے
پیٹی کو فیڈ بلاک میں بائیں کیطرف
کھینچو - جہاں تک جا سکے - پھر
کور بند کے کرینک ہیڈل کو چھوڑ
دو - اور پھر کرینک ہینڈل کو بغز سپرنگ
پر رکھو اور پیٹی بائیں کھینچو - تب
گن فائر کے لیئے تیار ہو گی (ب)
اس حالت میں ایکسٹریکٹر سے
کارتوس نکالو جیسا پہلے بیان
ہوا - اور جو کارتوس فیڈ بلاک
میں آگیا ہے - اُسکو بھی نکالو -
اور پیٹی فیڈ بلاک سے تھوڑی دہنے
کھینچ لو - لاک اپنی جگہ میں لگا کے
کرینک ہینڈل چھوڑ دو پھر مارک

ٹوکا لینگ پلگ کا سنٹر پن خوب
پیچھے ہٹا کے پلگ ہاتھ میں پکڑو
تب کرینک ہینڈل بفر سپرنگ
پر رکھو - اور پلگ چیمبر ہیں لگاؤ
جب تک اُس کی موٹائی برنچ اینڈ
کے ساتھ نہ ملے - پھر کرینک ہینڈل
دہنے ہاتھ سے آہستہ سے پیچھے
جانے دو - اور اس طرح سے
لاک سنٹر پن پر آگے دباؤ - اور
اُس وقت بائیں ہاتھ سے کالی
رنگ پلگ کے دستے کو دہنے اور
بائیں ہلاؤ + پھر لاک پیچھے کھینچو -
اور پلگ کا دستہ نیچے دباؤ -
اس طرح سے ٹوٹا ہوا کارتوس
نکل آئیگا - پھر سنٹر پن

نیچے کھول کر ٹوٹا ہؤا کارتوس پک
سے نکالو ٭

تیسری حالت (۳) انگوٹھوں سے فائرنگ لیور چھوڑ دو۔
پھر بغیر کور کھولنے کے دہنے ہاتھ
سے کرینک ہینڈل کو زور سے دہنے
نیچے کیطرف مارو۔ اور ہاتھ یکدم
ہٹاؤ۔ اگر کرینک ہنڈل آسانی سے

کمزور فیوزی سپرنگ

نیچے دب جائے۔ لیکن پھر فائرنگ
لیور دبانے پر اور کوئی گولی چلانے
کے بعد روک ہو جائے۔ تو فیوزی سپرنگ
بکس نکال کر فیوزی سپرنگ سخت کرو۔

کمی تیل

جب فیوزی سپرنگ بالکل سخت
کیا گیا ہے۔ اور روک ہوتا ہے تو کور
کھول کر سب پرزوں کو خوب تیل لگانا
چاہیئے ٭

ٹوٹا ہوا لاک اگر گن پھر اسپارک جاتا ہے تو لاک نکال کے مستری کو دکھانا چاہیئے اور نیا لاک لگانا چاہیئے *

فیڈ بلاک کا قصور جب ایسا روک ہوتا ہے کہ کرینک ہینڈل ہاتھ مارنے سے نیچے نہیں بیٹھتا۔ تو کور کھول کر فیڈ بلاک دیکھو کہ شائد کارتوس ٹھیک نہیں آیا۔ پھر فیڈ بلاک میں جو پیٹی ہے اسکو دیکھو کہ وہ ڈھیلا ہے یا سخت پکڑا ہوا ہے۔ اگر ڈھیلی ہوگی تو شائد پیٹی بائیں کھینچنے سے ٹھیک ہو جائیگی لیکن اگر سخت پکڑی ہوئی ہے اور کارتوس ترچھا ہے تو ایکسٹریکٹر نیچے دبا کے لاک پیچھے ہٹاؤ اور اٹھا کر اس میں سے کارتوس نکالو۔ اور پھر لاک لگاؤ۔

کرینک ہنڈل سے ریکائیلنگ پورشن ہلانے کا بیان

اور جیسا نیچے لکھا ہوا ہے اسکو روک
رکھو۔کرینک ہینڈل بفر سپرنگ پر لگاؤ۔
پھر جب ایکسٹریکٹر بالکل نیچے ہے تب لاک
کو تھوڑا اٹھا کے گائڈ سے علیحدہ کرو۔پھر
کرینک ہینڈل کو تھوڑا پیچھے آنے دو اور لاک
گائڈ کے اوپر چھوڑ دو ۔اب لاک ایسا روکا
ہوا ہے کہ کرینک ہینڈ پیچھے کی طرف گھمانے
سے ریکائیلنگ پورشن پیچھے کھینچا جاتا ہے
اور فیڈ بلاک کے اوپر والا پال دبنے کو
ہل جاتا ہے ۔ اس طرح سے بیٹی کھل
جاتی ہے اور اسکو بائیں طرف کھینچنے سے
کارتوس فیڈ بلاک میں ٹھیک آجائیگا۔
کرینک ہینڈل بفر سپرنگ پر لگاؤ لاک اپنی
گائڈ میں رکھو۔کور بند کرو اور کرینک ہنڈل
چھوڑ دو ۔پھر جب کرینک ہینڈل آگے

بفر سپرنگ پر لگایا جاتا ہے اور بیلٹی بائیں
کو کھینچی جاتی ہے۔ تب گن فائر کرنے کے
لیئے تیار ہوگی ٭

فیڈ بلاک میں کارتوس پھنس جانیکا بیان

جب کارتوس فیڈ بلاک میں پھنس جاتا
ہے۔ تو بنا کور کھولنے کے معلوم ہو سکتا ہے
کیونکہ اسوقت ریکائیلنگ پورشن آگے
نہیں جا سکتا ہے اور کرینک بیرنگ آگے
والے کنارے اور برنچ کیسنگ کے سلائٹ
کے بیچ میں جگہ دکھائی دیتی ہوگی - اگر
کارتوس فیڈ بلاک میں برابر جاتے
ہیں لیکن کرینک ہینڈل ٹھیک نہیں
چلتا تو لاک کو نکال کر دیکھنا چاہیئے۔
اگر ضرورت ہو تو نیا لاک لگانا چاہیئے
یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ جسوقت لاک
گائڈ سے اوپر رکھا ہے۔ اور کرینک ہینڈل

کے گھمانے سے ریکائیلنگ پورشن آگے پیچھے ہلتا ہے - تو بیرل میں سب ضروری جگہوں پر تیل آسانی سے لگایا جا سکتا ہے۔ (الف) یعنے گن میٹل والو کے سامنے (ب) مزل کیطرف پیکنگ گلینڈ کے سامنے -

چوتھی حالت مس فائر

(۴) کرینک ہینڈل بعز سپرنگ پر لگاؤ پیٹی فیڈ بلاک کے بیچ میں سے بائیں کو کھینچو اور پھر کرینک ہینڈل چھوڑ دو - اس طرح سے ناقص کارتوس چیمبر میں سے نکل جائیگا اور ایجیکٹر ٹیوب میں ڈالا جائیگا اور نیا کارتوس پیٹی سے نکل آتا ہے اور چیمبر میں ڈالا جاتا ہے - اگر پھر فائرنگ لیور دبانے

ٹوٹا ہؤا سائڈ یا ایکسٹریکٹر لیور

پر گن نہیں چلیگا۔ تو کور کھولکر دیکھو اور اگر ایکسٹریکٹر نیچے ہے تو سائڈ یا ایکسٹریکٹر لیور ٹوٹے ہوئے ہونگے۔ لاک کو نکالکے نیا لاک لگانا چاہیئے +

مس فایئر کے سبب

مس فائر ایسے ہوتا ہے

(۱) کمزور لاک سپرنگ۔
(۲) فائرنگ پن کے ٹوٹنے یا اُسکا نوک گھس جانے سے۔
(۳) لاک کے اندر میل یا زنگ لگنے سے
(۴) خراب کارتوس۔

پہلی اور دوسری اور تیسری حالت میں لاک نکال کر نیا لاک لگانا چاہیئے۔ چوتھی حالت میں ایسا کرنا چاہیئے جیسا پہلے بیان کیا گیا ہے۔ جب فائر کے وقت

روک کیوقت کا بیان

گن روک جاتی ہے اور اس کے سبب دیکھنے کے لیئے کور کھولنا ہے تو انگوٹھے سے فایرنگ لیور چھوڑ کے کور کھولنے سے پہلے کوئی دو تین لمحہ تک ٹھیر جانا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ جب ایکسٹریکٹر اوپر سٹاف تک نہیں پہنچا ہے تو اسکو اٹھانا نہیں چاہیئے - لاک پیچھے ہٹانے کے وقت گرپنگ ہینڈل آگے لیجانے سے پہلے ایکسٹریکٹر کو خوب نیچے دبانا چاہیئے کیونکہ ایسا کرنے سے اتفاقیہ کارتوس چلنے سے کچھ ڈر نہیں ہے *

فقط